اللہ (ج ج) سب سے بہتر مددگار ہیں

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔
والصلاۃ والسلام علی رسولنا محمدٍ سیدُ الاولین والاخرین۔ مدد یارسول اللہ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مدد یامشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔
طریقتنا صحبہ والخیرفی الجمیہ۔

اللہ (ج ج) سب سے بہتر مددگار ہیں۔ یہ صرف کہنے تک ہی رکھ کر، ہمیں بھول جانا نہیں ہے۔ ویسے بھی آج کل کے لوگ اسی حال میں ہیں۔ اُنھیں اس بات کو اچھی طرح سے سمجھ جانا چاہیئے تھا لیکن یہ اُن کے دماغ میں ہی نہیں آتا۔ اگر لوگ یہ بات یاد رکھیں تو وہ سکون پاتے ہیں۔ اللہ (ج ج) بھی اُن کی مدد فرماتے ہیں، جب ہم یہ کہتے ہیں۔

اگر اللہ (ج ج) نہ چاہیں تو کوئی بھی بنی آدم کی کوئی مدد نہیں کرسکتا۔ لوگوں کو کوئی بھی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اگر وہ اللہ (ج ج) کی حفاظت اور نگرانی میں ہوں۔ وہ بری ذمہ ہوجاتے ہیں، اُن کو سکون آجاتا ہے، اور سارے مشکلات حل ہوجاتے ہیں۔ یہ سوچ کوئی حقیقت نہیں رکھتی، "یہ شخص امیر ہے، وہ ہماری مدد کریگا اور ہم بری ذمہ ہو جائیں گے"۔

کبھی کبھار الچسپ باتیں ہوجاتی ہیں۔ ایک شخص، ایک بہلُل، نے ایک خط بھیجا، "میرے لئے اللہ (ج ج) سے دعا کرنا کہ میں بُرنئی کے سلطان کے خواب میں آؤں اور وہ مجھے نوکری دے دیں"۔ کمال ہے۔ آپ اللہ (ج ج) سے دعا کریں کہ اللہ آپ کی مدد فرمایں تاکہ اللہ آپ کو بری ذمہ کریں، تاکہ آپ کو سوجھ بوجھ دیں اور آپ کو اس مشکل سے باہر نکالیں۔ اتنا لمبا کچھ کہنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ اللہ (ج ج)، آپ کی مدد، پہاڑ کے اُوپر یا ریگسان کے بیچ میں بھی کر سکتے ہیں۔ آپ کو اللہ (ج ج) پر بھروسہ ہونا چاہیئے۔ جو آپ کی مدد کرتے وہ ہیں اللہ۔ اللہ کو آپ کی مدد کرنے کے لئے کسی کی ضرورت نہیں۔ ہمارے لئے سب سے بہتر اور سب سے قریب اللہ عزوجل ہیں۔ انشاءاللہ، اللہ ہمیں اپنی مدد سے محروم نہ فرمائیں۔

حسبنااللہ و نعم الوکیل، ونعم المولی و نعم النصیر۔ اللہ ہمارے سب سے بہترین مددگار ہیں اور اُن سے بہتر اور کوئی نہیں ہے۔ بُرے خیالات کو قطع کریں۔ لوگوں کو یہ ۱۰۰ مرتبہ کہنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے مشکلات سے راحت حاصل کریں۔ جو کچھ بھی تکلیف، غم یا دکھ ہو وہ اُن سے دور ہو جائیں گے۔ کچھ لوگ سوچتے ہیں کہ جب وہ ایک طاقتور شخص کے ساتھ ہوں تو وہ اُس شخص کی وجہ سے مشکلوں سے محفوظ رہیں گے۔ سب سے بڑی حفاظت اللہ (ج ج) کے ساتھ ہے، اس کو نہ بھُولیں۔ اللہ (ج ج) سے حفاظت چاہیں۔

ومن الله التوفیق۔

الفاتحہ

حضرت شیخ محمد محمت عادل

۲۱ فروری ۲۰۱۷ / ۲۴ جمادی الاول ۱۴۳۸

صبح نماز، آکبابا۔